سوال

(23)جنازہ کی نماز گزاری گئی بعد اس کے اسقاط نہ کیا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک شخص فوت ہوگیا اس کے جنازہ کی نماز گزاری گئی بعد اس کے اسقاط نہ کیا، لوگ آپس میں بگڑنے لگے یہاں اس ملک میں یہ دستور ٹھہرا ہوا ہے کہ ایک قرآن شریف کو جنازہ کے ہمراہ کردیتے ہیں۔ جب جنازہ کی نماز پڑھ چکتے ہیں تو قرآن شریف کو ایک دوسرے کے ہاتھ پھراتے ہیں۔ ایجاب وقبول جس طرح سے ہوتا ہے، اس کا کیا حکم ہے۔ بینوا توجروا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہمراہ جنازہ کے قرآن مجید کو لے جانے اور بعد نماز جنازہ کے اس کو ایک دوسرے کے ہاتھ پھرانے اور ایجاب وقبول کرنے کا جو وہاں دستور ہے، وہ بالکل ناجائز ونادرست ہے اور بدعت ومحدث ہے۔ اس دستور کو مٹانا اور بند کرنا اور لوگوں کو اس ناجائز دستور سے روکنا اور منع کرنا حسب استطاعت فرض ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ السید محمد ابوالحسن..... سید محمد ابوالحسن.... سید محمد نذیر حسین

فتاوی نذیریہ

جلد01